RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۰	روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۱۸ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۷ھ	جلد ۲

نام مضمون

نمبر	فہرست مضامین	صفحہ
۱	حکم وائس پریزیڈنٹ کونسل۔	۱
۲	حکم جوڈیشل ممبر کونسل۔	۱
۳	احکام ریوینیو ممبر کونسل۔	۲
۴	روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۲ تا ۳
۵	روبکار اجلاس ایضاً واقع یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء۔	۳ تا ۴
۶	روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۷ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۴ تا ۶
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۷ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۷
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۷ و ۸
۹	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۹
۱۰	روئداد کمیٹی مالد منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۹ تا ۱۰
۱۱	عرضی سپرنٹنڈنٹ جیل بحضور نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۱۰
۱۲	روبکار اجلاس صاحب ریوینیو ممبر بہادر واقع ۱۹ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۱۰
۱۳	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۹ فروری سنہ ۱۸۹۰ء	۱۱
۱۴	روبکار اجلاس ایضاً واقع یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۱۱
۱۵	نقشہ جات و میزانات۔	۱۲
۱۶	نرخنامہ اجناس۔	۱۲
۱۷	اشتہار فروخت کتبہائے سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۱۲

حکم وائس پریزیڈنٹ کونسل

اضافہ

۱۰ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء۔ الطاف حسین اہلمد کونسل کا دو روپیہ ماہوار یکم مارچ سے اضافہ ہوا۔

حکم جوڈیشل ممبر کونسل

رخصت

۲۷ فروری سنہ ۱۸۹۰ء۔ منشی گوبند لعل سررشتہ دار عدالت فوجداری کی ایک ماہ کی رخصت بذمہ داری لالہ رام دولار نائب سررشتہ دار عدالت کی منظور ہوئی

احکام ریونیو ممبر کونسل

رخصت

۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - منشی تجمل حسین نائب تحصیلدار ملک کی دس روز کی رخصت بعوضی عبد الرزاق منظور ہوئی۔

۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - احمد اللہ خان نائب تحصیلدار شاہ آباد بیس روپیہ ماہوار اور پچیس روپیہ ماہوار بذریعہ صیغہ جوڈیشلی سرپا دیے

تقرر

۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - رام سرن داس امیدوار امتحان برائے سہ ماہ بمشاہرہ پانچ روپیہ ماہوار معاون نقل نویس محکمہ مقرر ہوا۔

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خان صاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقعہ ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ء

۲۲ فروری سنہ ۱۸۹۰ء کو ایک رپورٹ تحصیلدار سوار مورخہ ۶ فروری سنہ ۱۸۹۰ء سید مہربان علی نے بموجودگی ہمارٹ صاحب بہادر پیش کی تھی جنمین متعلق پیمائش دو باتین درج تھین۔

اول یہ کہ تودہ بندی جو بمواریون نے کی ہے چندان قابل اطمینان نہین ہے جو لوگ لین بونڈری کی قائم کر رہے ہین وہ تودہ ہای قائم کردہ بمواریا پر بنا کرتے ہین حالانکہ اوسمین احتمال غلطی ضرور ہے۔

دوسرے یہ کہ اکثر قطعہ دیہات کا ٹھیکہ اب علیحدہ ہوا ہے اور اونکی آبادی اور آراضی کاشت الگ تھی اور بمواریون نے بموجب نقشہ سابقہ کے تودہ بندی کی کارروائی کی ہے اوسمین کیا ہونا چاہیے۔ ۲۲ فروری کو یہ ضرورت سمجھی گئی کہ یہ معاملہ بمواجہہ تحصیلدار و ہمارٹ صاحب بہادر طے ہونا مناسب ہے لہذا تحصیلدار سوار کو طلب کیا۔ کل ہمارٹ صاحب بہادر و سید مہربان علی تحصیلدار سوار اجلاس مین موجود تھے تحصیلدار سوار علاوہ اون امور کے جنکا ذکر ہم اوپر روبکار مین کر چکے ہین دو تین باتین اور تصفیہ طلب لکھوائین جنکا ذکر ہم اسموقع پر کرتے ہین۔

تیسرے بعض دیہات کا نقشہ یکجائی ہے اور ہر دو موضع کا رقبہ علیحدہ علیحدہ دکھلایا گیا ہے مگر قطعہ بالکل واحد ہے۔ ہنگام انتظام ٹھیکہ جداگانہ کیا گیا دیکھا اونکا بھی نقشہ جدا جدا علیحدہ ہونا چاہیے۔

چوتھے کسی موضع پر درمیان دو موضعون کے جو آراضی ریتی برآمد ہوئی ہے وہ کسی موضع مین شامل نہین ہے۔ اور شاید اونکی وجہ یہی ہو کہ پیمائش سابقہ مین جو کشتوار تھی یہ آراضی چھوٹ گئی ہو ریتی آراضی کی نسبت اندراج ہرگز کیا کارروائی کرینگے۔

پنجم خسرہ مین جو مینڈہ کشتوار کا قائم ہوگا یا نہین بصورت نہ قائم ہونے جو مینڈہ کے ہنگام تغیر و تبدل کشت جو جھگڑے پیش آئینگے اونکے تصفیہ مین دشواری ہوگی ان تمام امر تنقیح کی نسبت دیر تک بحث رہی اور جو تصفیہ ہوا اوسکو ہم درج کرتے ہین۔ امر اول کی نسبت یہ طے ہوا کہ بمواریون نے تودہ بندی بموجب نقشہ ہای سابقہ کی ہے اب اگر اسوقت مین لین بونڈری قائم کرنیکو ذمہ جانچ صحت تودہ بندی کا کام ازاد کیا جاے تو دشواری ہی اور دقت ہے مصنفہ اس ریاست مین زمیندارہ نہین ہے جسقدر آراضی ہے مال سرکار ہے اگر کسی جگہہ اتفاق سے تودہ بندی غلط ہوگی تو اول ہنگام پیمائش جانچ اونکی صحت ضرور ہو جائیگی اور بالفرض کسی جگہہ غلطی رہگئی تو بھی اوسمین نقصان سرکار متصور نہین۔ البتہ اون مواقع پر جہان سرحد ریاست کی انگریزی

حلقہ ایسی ہی نگرانی ضرور ہو۔ ہر ایک تحصیل میں ایک سپر ایسے دو کے سپرد ہیں۔ جسقدر سپرد تحصیل ہوں دو شخصوں کی زیر نگرانی رہیں نصف گرداور قانونگو کی گرداور نصف پیشکار تحصیل کے۔ یہ دونو اہلکار اس امر کی پوری نگرانی کریں کہ تودہ ایسی موقع کے غلط نہ لگائی گئی ہوں جسجگہ غلطی واضح ہو اوسکی اطلاع تحصیلدار کو دیں اور تحصیلدار بعد معاینہ موقع بحالت صحت اطلاع رپورٹ مفصل اپنی صاحب ریونیو ممبر بہادر میں بھیجدیں۔ اور ریاست ہذا کی صحت تودہ بندی کے بارہ میں بھی تحصیلداران محال پٹواریوں پر سخت تاکید رکھیں اور نگرانی معرفت اہلکاران ماتحت کے وقتاً فوقتاً ہوتی رہے۔

متعلق نمبر ۲ و ۳ باتفاق یہ تصفیہ ہوا کہ جن مزرعوں کی آبادی جدا ہے اور اوسکی کاشت کی بھی علیحدہ ہے اوسکی تودہ بندی علیحدہ کرائی جاسے مگر شرط یہ ہے کہ آراضی ایسے مزرعہ کی جسکی علیحدہ تودہ بندی ہوگی چار سو بیگہ سے کم نہو۔ ہنگام پیمایش ایسے مزرعوں کی پیمایش ہوکر کاغذات نقشہ خسرہ وغیرہ اسکے جداگانہ مرتب ہونگے۔ اور جن مزرعوں کے نقشے خسرہ اسوقت بھی علیحدہ اور ٹھیکہ اونکا علیحدہ ہوتا ہے اونکی تودہ بندی علیحدہ ہوکر بعد پیمایش نقشہ خسرہ اوسکا جداگانہ مرتب ہوگا۔

جملہ تحصیلداران محالات کے نام پروانے جاری ہوں کہ ایسے مزرعوں کی فہرست جنکی آراضی کاشت مستقل تعدادی اعابیگہ علیحدہ ہے اور آبادی بھی اوسکی جداگانہ ہے بہت جلد مرتب کرکے ارسال کریں۔ نمبر ۴ کی نسبت کوئی امر تصفیہ طلب نہیں تھا اگر پیمایش سابق میں جو کشتوار ادر ٹھیک طور پر نہ تھی اگر کوئی حصہ آراضی کا پیمایش سے چھوٹ گیا ہے تو اس پیمایش میں وہ چھوٹ نہیں سکتا۔ خود ہمارے صاحب بہادر اسکے ذمہ دار ہیں اور ہنگام پیمایش تصفیہ اس امر کا کہ آبادی آراضی کس موضع میں شامل ہونا چاہیے ہونا ممکن ہے۔ نمبر ۵ جو میعاد کشتوار جیسا کہ مسودہ تحصیلدار

سوار ہر خسرہ میں قائم ہوگا البتہ نقشہ سے یہ بات ظاہر ہوسکیگی جسکی تشخیص چاہیئے پٹواریان ریاست کو خاص اسی غرض سے تعلیم پیمایش دیجاتی ہے کہ وہ اس پیمایش سے واقف ہوں اور تمام کاغذات جو اس قاعدہ سے مرتب ہونگے خوب سمجھ سکیں پس یہ ضرور ہے کہ جب کبھی کسی کھیت کی ہیئت اصلی میں کسی وجہ سے کسی وقت میں کوئی تغیر و تبدل پیدا ہو تو پٹواری نقشہ میں فوراً موافق اوسکے ترمیم کردے پس خسرہ میں جو میعاد کشتوار قائم کریں گے ضرورت نہیں ہے نہ اسکا ہرج ہے۔

حکم ہوا کہ

اصل مسل خدمت میں صاحب جنرال بہادر بھیجی جاوے ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ کیجاوے پروانہ جات بنام تحصیلداران محال جاری ہوں۔ ایک نقل اس روبکار کی خدمت میں اسمارٹ صاحب بہادر کے بھیجی جاوے۔ اصل شامل کاغذات دفتر ہو۔ ایک نقل اسکی کتاب سرشتہ میں درج ہو۔ دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

تجویز مناسب ہے جسکو بھی اس سے اتفاق ہے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

روبکار اجلاس جنرل محمد عظیم الدین خانصاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

اسوقت تک جو عرائض ہمارے

سادہ کاغذ پر گذرتی ہین اسکا انتظام ضرور ہے بنظر تعلام آئندہ حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

۱- حسب احکام سابقہ جسکی منظوری ۲۰ ستمبر ۱۸۸۹ء کو اجلاس کامل سے ہوچکی ہے تمام عرائض جو پیش ہون درمیان ۱۲ اور ۳ بجے کے وہ چار آنہ کے اشٹام پر پیش ہوا کرینگے۔

۲- جو عرائض قبل از ۱۲ بجے اور بعد مین ۳ بجے پیش ہون وہ آٹھ آنہ کے اشٹام پر پیش ہونگے۔

۳- اس حکم سے یہ مقصود نہین ہے کہ عرائض سادہ لیجاوینگی بلکہ وہ عرائض لیجاوینگی لیکن بعد نفاذ حکم جبکہ وہ عرائض تحصیلات یا تحصیلی یا کسی اور افسر محکمہ کے پاس بھیجی جاوین وہ اشٹام مستغیث سے وصول کرلینگے اور بعد وصول اشٹام اوس عرضی پر کارروائی ضابطہ شروع ہوگی اگر مستغیث اشٹام داخل نکرے تو افسر سررشتہ ذمہ دار نہین ہے وہ اوسکو داخل دفتر کردیگا۔

۴- جو عرائض بمقدمات سرکاری منجانب کیمل پیش ہون یا جو درخواستین کسی قسم کے ملازمان فوج یا سول وغیرہ پیش کرین اونپر اشٹام نہین لیا جاویگا بشرطیکہ وہ متعلق اونکی خدمات سرکاری کے ہون۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اطلاع و تعمیل گزٹ مین مشتہر کیا جاوے عرائض نویسون کو ناظر اجلاس مطلع کرکے اطلاعیابی لکھا لین ایک نقل بغرض اطلاع عدالت ہذا پر اور ایک دروازہ کچہری صدر پر واسطے اطلاع عام کے چسپان کیا جاوے۔

دستخط صاحب اجلاس پریزیڈنٹ بہادر۔

روبکار اجلاس نواب نواب جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل مجلس منعقدہ واقعہ ۲۷ فروری ۱۸۹۰ء

بمقدمہ

ملاحظہ نقشہ مقدمات منفصلہ عدالت مرافعہ من ابتداء اکتوبر لغایت دسمبر ۱۸۸۹ء

آج صاحب اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر نے نقشہ مصرحہ عنوان پیش کیا جسکے ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ اس سہ ماہی مین حسب تفصیل ذیل تمام مقدمات کا فیصلہ ہوا۔

نمبر	قسم	تعداد زیر تجویز	تعداد فیصلہ	تعداد باقی
۱	مفوضہ	[illegible]	[illegible]	دو
۲	ابتدائی دیوانی	[illegible]	[illegible]	دو
۳	مرافعہ فوجداری	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۴	مرافعہ دیوانی	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]

بعد منہائی ۲۵ روز تعطیلات معمولی و غیر معمولی اس سہ ماہی مین ... اجلاس ہوا اسلئے بحساب اوسط تقریباً ... مقدمات کا ہر اجلاس مین فیصلہ ہوا۔ مقدمات مفوضہ کے متعلق جو روبکار سہ ماہی گذشتہ مین جاری ہوا تھا اوسکی پوری تعمیل اس سہ ماہی مین بمجبوری اسوجہ سے نہو سکی کہ چار مقدمات مفوضہ سہ ماہی گذشتہ عدالت مرافعہ مین بلا اندراج رجسٹر باقی تھے واسطے انکے مقدمات مفوضہ زیر تجویز جو دکھائی گئی ہین اونمین سے دو داخل ہے بقایا سہ ماہی گذشتہ اور دس مفوضہ سہ ماہی حال ہین اور بقیہ چار وہ ہین جو بلا اندراج رجسٹر عدالت مین پڑے ہوئے تھے۔ امید ہے کہ آئندہ سہ ماہی مین ایسی غلطی نہ دیکھنی مین آئیگی۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل سرکیفیت بکٹ مین داخل ہو دوسری بغرض اطلاع حکام گزٹ مین شایع ہو۔

دستخط نواب ...

نمبر شمار	۱	۱
رجوع مقدمات	۲	۹
منفصلہ بلا تنقیح	۳	۳
بلا بحث	۴	۳
بذریعہ پنچایت	۵	۰
بعد بحث	۶	۳
سپرداں	۷	۱
باقی بمیعاد فیصلہ	۸	۵
باقی زائد از شش ماہ	۹	۰
باقی بحساب فیصدی	۱۰	۲
اوسط مدت مقدمہ منفصلہ بلا بحث و بلا تنقیحات	۱۱	[illegible]
اوسط مدت مقدمہ منفصلہ بذریعہ پنچایت و بعد بحث	۱۲	[illegible]
تعداد گواہان جو سنے گئے	۱۳	۲
	۱۴	

نقشہ ماہی متضمن نتائج عام درخواستہاے اجراء ڈگری و تعمیل مقدمات اجراء ڈگری عدالت [illegible] دیوانی بابت [illegible] لغایت دسمبر [illegible]

مقدمات تعمیل شدہ	باقی	مقدمات عدد واری بابت [illegible]	تصریح تعمیل مقدمات [illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

روبکار اجلاس نواب بابر جنگ بہادر ممبر جوڈیشل کونسل تحصیلی ریاست رامپور واقع ۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

مقدمہ

منا خان مدعی اپیلانٹ بنام الہی بخش مدعا علیہ

دعوے

دلاپانے مبلغ عہ روپیہ بابت استرداد فیصلہ عدالت خفیفہ

بحاضری وکلاء فریقین پیش ہو کر بحثیں سنی گئیں امر تنقیح طلب بعد قلمبندی بیانات فریقین بلحاظ امور مختلف فیہ امر تنقیح طلب اسطور سے قائم کرنا تھا (کہ آیا) ادائے عہ روپیہ بحساب پچاس و واپسی تمسک بابت بقیہ عہ بین الفریقین کیا قرار پایا تھا یعنی معافی و یا ایصال بکدامی صورت آیندہ) ثبوت و تردید بذمہ فریقین —

چونکہ بجائے صراحت بالا انکار یا رسید عادت کے متعلق لکھدیا گیا (کہ وکلاء فریقین کو ہدایت ہو کر تاریخ پیشی پر اپنا اپنا وجہ ثبوت حاضر کریں) اس اجمال سے یہ خرابی ہوئی کہ گواہان مدعی جو پیش ہوئے ان میں اکثروں نے نسبت بقیہ عہ نہ خود کچھ بیان کیا اور نہ اظہار نویس و یا حاکم نے ان سے امر ضروری مدار علیہ فیصلہ کی بابت کوئی سوال کیا اور وہ امر مہمل رہگیا واضح ہو بارہا عدالتوں کو ہدایت ہو چکی ہے کہ بیانات فریقین میں جو جو امور اختلافی ہوں ان ہر ایک پر بصراحت ایک ایک امر تنقیح قرار دیکے بعدہ فریقین سے وجوہ ثبوت و تردید طلب کیا جایا کرے ورنہ بحیثیت مدعیہ اس میں بہت سی گنجایش رہتی ہے کہ جسکو عدالت نے کوئی ہدایت صاف نہیں دی کہ کس امر کا ثبوت و تردید درکار ہے چونکہ مقدمہ میں شہادت پیش کردہ مدعی اظہارات ناقص و ناتمام ہیں لہذا بجلد فیصلہ —

حکم ہوا کہ

مقدمہ بطور تجویز ثانی عدالت خفیفہ کو مسترد کیا جاوے کہ بعد تکمیل تحقیقات بشرح بالا ازسر نو فیصلہ صادر کیا جاوے و بعدہ بھی فریق ناراض دوران مرافعہ کا مجاز ہوگا اور ایک نقل اس تجویز کی گزٹ میں مشتہر کیجاوے اس مراد سے کہ تمام حکام عدالت دیوانی بصراحت و صحیح طور پر امور تنقیح قائم کرنے کا التزام فرماویں اور یاد رکھیں کہ آیندہ جو مقدمہ خلاف ہدایت ہذا اس اجلاس میں پیش ہوگا وہ اسی ایک وجہ پر منسوخ و مسترد کر دیا جائیگا فقط

العبد — العبد
محمد حسن وکیل — محمد علی الدین وکیل

روداد کمیٹی منعقدہ ۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع بابت [illegible]

عرضی بخطہ بندگان حضور والا ارسال ہے زیادہ حد ادب عرضی

۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ع   العبد [illegible]

حکم

نقل عرضی ہذا و نقل روداد کمیٹی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے در صورت تصدیق [illegible] کہ اس کمیٹی میں سکرٹری کا نام درج کر آیندہ کو درج کیا جاوے اور ممبران کمیٹی میں تفصیل ملازم و غیر ملازم بھی ہونا چاہئے اور جو امر ان کمیٹیوں میں پیش کیا جاوے تمام پیش کنندہ کا [illegible]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲ - لغایت ۹ مارچ سنہ ۹۰ء

[illegible]	[illegible]				[illegible]	تفصیل مذہب		تفصیل عمر								تفصیل مذہب		کیفیت
			عورت					۱ - ۵		۵ - ۱۲		۱۳ و زیادہ		میزان مرد و عورت				
	ہندو	[illegible]	[illegible]	مسلمان		ہندو	مسلمان	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	ہندو	مسلمان	
رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۳	۳	[illegible]	۴	۱۲	۸	۲	۲	۱	۱	۰	۲	۱	۵	۲	۲	۵	
ملک	۲۰	۶	[illegible]	۲	۳۶	۳۱	۶	۲	۴	۰	۳	۵	۴	۷	۱۰	۱۵	۲	
سوار	۹	۵	[illegible]	۵	۲۸	۱۸	۱۰	۳	۸	۱	۵	۹	۶	۱۳	۱۷	۱۲	۱۸	
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	،،
میزان	۳۷	۱۵	۲۱	۱۱	۶۹	۵۶	۲۲	۷	۱۳	۲	۷	۱۶	۹	۲۵	۳۶	۲۹	۲۵	

[illegible]

اسم اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲ - لغایت ۹ مارچ سنہ ۹۰ء

شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
۳ سار	۰	۱۲ سار	۱۲ سار	۱۲ سار	ملک کا نقشہ نہیں آیا
۲۰ سار	۰	۱۸ سار	۱۸ سار	۱۸ سار	
۲۲ سار	۰	۱۹ سار	۲۰ سار	۰	
۰	۰	۰	۰	۱۹ سار	
۱۶ سار	۰	۱۵ سار	۱۵ سار	۱۴ سار	
۱۶ سار	۰	۱۳ سار	۱۴ سار	۱۳ سار	
۰	۰	۲۵ سار	۲۲ سار	۰	
۰	۰	۲۰ سار	۲۰ سار	۱۶ سار	
۲۰ سار	۰	۲۰ سار	۲۵ سار	۱۸ سار	
۲۵ سار	۰	۲۰ سار	۰	۱۸ سار	
[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۳ سار	۰	۳ سار	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۶ سار	۶ سار	[illegible]	
[illegible]	۰	۸ سار	۸ سار		

...ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا